آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اشفاق امین

ایل جی پوجا

لیفٹنٹ گونر منوج سنہا نے آج شری امرناتھ جی گھپا پر حاضری دی اور وہاں پرتھم پوجا میں شرکت کی۔ اس طرح رواں برس کی شری امرناتھ جی یاترا کی تقریبات کا رسمی طور آغاز ہو گیا ہے۔ لیفٹنٹ گورنر نے جموں کشمیر کی خوشحالی اور ترقی کیلئے خصوصی پراتھنا کی۔ میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔۔

یاترا

جولائی کی3تاریخ کو شروع ہونے والی شری امرناتھ جی یاترا کے سلسلے میں تما م انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل بال تل کا دورہ کر کے وہاں یاترا کا احسن انعقاد کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے یاتریوں کو تمام تر سہولیات دستیاب رکھنے کی ہدایت دی ۔ ایل جی نے کہا کہ ہر شردھالو کیلئے یہ یاترا ایک یادگار روحانی سفر بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جانے چاہیں۔ یاترا کے دونوں راستوں پر طبی سہولیات کی مناسب دستیابی یقینی بنائی گئی ہے۔

اس دوران مختلف اضلاع کے ڈپٹی کمشنر صاحبان بھی افسروں کی میٹنگس طلب کر کے یاترا کے سلسلے میں کئے گئے انتظامات کا مسلسل جائزہ لے رہے ہیں۔

ایل جی نشہ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانوں سے تاکید کی ہے کہ وہ نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے سفیر بن کر اس مہم کو کامیابی سے ہمکنار کرائیں۔ لوک بھون سرینگر میں" سیو یوتھ سیو فیوچر فاؤنڈیشن" کے رضاکاروں کے ساتھ بات کر تے ہوئے ایل جی نے نشہ مکت ابھیان سے متعلق جانکاری عام کرنے کےلئے اس تنظیم کی سراہنا کی۔

اس موقعے پر لیفٹنٹ گورنر نے فاؤنڈیشن کی جانب سے شروع کی جا رہی مہم" ملاقات" کا بھی آغاز کیا۔ اس مہم کا مقصد مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو ایک پلیٹ فارم

پر جمع کر کے انہیں روایات اور ثقافتی ورثے سے متعلق اپنے تجربات کو بانٹنے کا موقعہ فراہم ہو گا۔

سنہا خراج

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سنت کبیر داس جینتی کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

مبارکبادی کے ایک پیغام میں ایل جی نے کہا ہے کہ سنت کبیر داس جی کی انسانیت، رواداری اور اتحاد کے اصولوں پر مبنی تعلیمات ہر دور میں سماج کو تحریک بخشتی رہیں گی۔

ایوارڈ

صدر جمہوریہ دروپدی مر مو آج راشٹر پتی بھون نئی دلی میں ایک تقریب کے دوران فوج، نیم فوجی فورسز اور ریاستوں و یو ٹیز کے منتخب کئے گئے پولیس فورس کے جوانوں کو بہادری کے ایوارڈ عطا کریں گی ۔ یہ تقریب شام پانچ بجے منعقد ہو گی ۔ یہ اس سلسلے کی دوسری تقریب ہو گی۔ صدر جمہوریہ نے تقریب کے پہلے مرحلے میں 8جون کو یہ ایوارڈ عطا کئے تھے۔

پلس پولیو

محکمہ صحت کے ورکر اور ایمونائزیشن ٹیمیں آج جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں گھر گھر جا کر پانچ سال تک کی عمر کے اُن بچوں کو پولیو مخالف قطرے پلا رہے ہیں، جو کل کسی وجہ سے پلس پولیو مراکز پر نہیں آسکے تھے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ کل ملک بھر میں پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پلس پولیو مہم کے تحت پولیو مخالف قطرے پلائے گئے۔ جموں کشمیر کی سرکار نے تقریباً 19لاکھ بچوں کو "دو بوند زندگی کے " مہم کے دائرے میںلانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔

پلس پولیو ۲

اس سلسلے میں ڈائریکٹر فیملی ویلفیر جموں کشمیر ڈاکٹر افسانہ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

گیانیش

ملک کے چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار جموںوکشمیر کے تین روزہ دورے پر کل سرینگر پہنچ گئے۔ دورے کے دوران وہ چناؤ سے متعلق بنیادی سطح کے اقدامات کا جائزہ لینے کے علاوہ رائے دہند گان اور دیگر متعلقہ عملے سے بات چیت کریں گے۔

ہمارے نمائندے شوکت شاہ نے اطلاع دی ہے کہ چیف الیکشن کمشنر آج اومپورہ بڈگام میں نیشنل انسٹیچیوٹ آف فیشن ٹیکنالوجی میں بڈگام کے بوتھ لیول افسروں کے ساتھ ایک میٹنگ کر رہے ہیں۔

نڈا

صحت کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا آج نئی دلی میں ایک تقریب پر سماگرا شِشو بال سواستھ کاریکرم کا آغاز کریں گے ۔ صحت کی وزارت کے مطابق اس پروگرام کا مقصد " پہلے تین سال -

سمپو

---

رنہ دیکھ بھال " کی مہم کو مزید تقویت بخشنا ہے ۔¾

وزیر موصوف اس موقعے پر انیمیا مکت بھارت ابھیان کیلئے آپریشنل رہنما خطوط کا بھی آغاز کریں گے۔

کرکٹ

مردونکے کرکٹ میں ٹی 20 انٹر نیشنل سیریز کے دوسرے میچ میں ائرلینڈ کی ٹیم نے ایک سنسنی خیز مقابلے میں بھارت کی ٹیم کو ایک رن سے ہرا دیا۔ پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے میزبان ائرلینڈ نے مقررہ بیس اوروں

میں آٹھ وکٹوں کے نقصان پر 155رن سکور کئے ۔جواب میں بھارت کی ٹیم 20اوروں میں 153 رن سکور کر سکے جبکہ اس کے نو کھلاڑی آوٹ ہوئے۔

اس جیت سے ائرلینڈ نے سیریز کے دونوں میچ جیت کر اس سیریز کو اپنے نام کیا ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ